Maharashtra Board

Question Paper 2023

Class 12



HSC

QUESTION PAPER

Presented By

AGLASEM.COM

DAY— 03 SEAT NUMBER

2023	II	23	1500	J - 218	(U)

URDU (05)

Time : 3 Hrs. (16 Pages) Max. Marks : 80

سرگرمی نامے کے لیے ہدایات

(۱) ''سرگرمی نامے'' میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق خاکے صرف پین سے بنائیں۔

(۲) ''سرگرمی نامے'' کی معروضی سرگرمیاں اور قواعد پر مبنی سرگرمیوں کی جانچ ممتحن ہدایات کے عین مطابق کرتا ہے، اس لیے ہدایات بغور پڑھیں۔


(۳) ''سرگرمی نامے'' کا تحریری حصہ جانچتے وقت ممتحن آپ کی تحریری مہارت، موثر اندازِ بیان، پُرکشش خیالات، مناسب الفاظ، جملوں کا تسلسل، برمحل موزوں اشعار، محاورے، کہاوتوں اور بولی کے استعمال، املا وغیرہ پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے نمبرات تفویض کرتا ہے۔

(۵) خوش خطی اور صفائی کا خیال رکھیں۔

حصہ ا : نثر۔ کل نمبرات 20

سوال 1 :- **(الف)** درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق **مکمل** کیجیے۔ (7)

(۱) شجری خاکہ مکمل کیجیے۔ (2)



docs.aglasem.com
aglasem.com

ہمارے عہد کی معاشرت کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہماری زندگی کے تقریباً ہر شعبے پر سیاست کا غلبہ ہے۔ سائنس، صنعت، تجارت، فن، ادب، فلسفہ، مذہب، اخلاق، تعلیم سبھی کو سیاست نے اپنا محکوم بنا رکھا ہے۔ یہاں تک کہ اکثر اہلِ فن بھی سیاسی پارٹیوں کے مسلک اور طریق کار کو اپنا کر اپنے ذہن و احساس کا اظہار کرنے کی بجائے اربابِ بست و کشاد کی خوشنودی، اعزاز و انعام، سماجی احترام اور عزّت حاصل کرنے کے لیے اپنے فن کو آلۂ کار بنائے ہوئے ہیں۔ غیر مشروط ذہن سے رونما ہونے والی تخلیقات کو دبا کر نقالوں، شعبدہ بازوں، بازیگروں اور عیاروں کی جعل سازیوں نے شور مچا رکھا ہے۔ کہیں سیاست میں ادب کی اور کہیں ادب میں سیاست کی بیساکھیاں لگائے ہوئے نااہل ''نورتن'' بنے پھر رہے ہیں۔ سیاست کو میں نہ حقیر سمجھتا ہوں نہ حرام لیکن معاشرے میں اسے شریکِ غالب کا درجہ دینا مجھے گوارا نہیں۔ سیاست سماج کی منتظم ہے۔ جان مال اور عزّت و آبرو کی حفاظت اور اجتماعی فلاح و بہبود کے منصوبوں تک اسے برداشت کیا جاسکتا ہے۔ ربطِ ملّت کے لئے فرد کا فنا ہونا ناگزیر نہیں ہے۔ سماج اس لیے نہیں ہے کہ افراد کو نگلنے والا وحشی درندہ بن جائے، ان کے چشم و گوش، دل و دماغ، زبان و دہن کو اپنا غلام بنائے اور انھیں کٹھ پتلیوں کی طرح نچائے۔

میں سوچتا ہوں کہ محض ادیب و شاعر اور دیگر فنونِ لطیفہ کے خلاق ہی آج انسان کے نہاں خانۂ ذات میں اٹھنے والے طوفانوں اور ہنگاموں کو اپنے فن کے آئینے میں دِکھا سکتے ہیں۔ ایک غیر مشروط اور آزاد شعور و احساس کی روشنی باہر اور اندر کے مناظر پر ڈال سکتے ہیں۔ تاریخ و جغرافیہ، مذہب و سیاست، رنگ و نسل میں بٹی ہوئی دنیا کو پھر سے اکائی بنا سکتے ہیں۔ بے شک سماج اور اس کی ملکہ سیاست نے میرے شعور کی پرورش اور تعلیم و تربیت اور میری شخصیت و کردار کی نشو و نما میں بہت اہم حصّہ لیا ہے۔ سماج سے میرے جسم اور میرے ذہن کو غذا ملی ہے۔ پھر بھی میرا ذہن اور میری ذات غیر مشروط ہیں۔

0218
docs.aglasem.com
aglasem.com

(۲) درج ذیل کے لیے کثیر متبادل سے جواب کا صحیح متبادل تلاش کر کے لکھئے۔

(i) ان کی جعل سازیوں نے شور مچا رکھا ہے .....

(الف) شعبدہ بازوں

(ب) بازی گروں

(ج) نقالوں

(د) سارے متبادلات صحیح ہیں

(ii) مصنف کے مطابق سیاست .....

(الف) نہ حقیر، نہ حرام

(ب) جائز اور ناجائز

(ج) حقیر نہ خراب

(د) حقیر نہ احترام

(iii) سماج اس لئے نہیں ہے کہ افراد کو نگلنے والا .....

(الف) وحشی جانور بن جائے

(ب) وحشی انسان بن جائے

(ج) وحشی درندہ بن جائے

(د) وحشی غلام بن جائے

(iv) مصنف کا ذہن اور ذات سماج اور سیاست سے .....

(الف) مشروط ہے

(ب) غیر مشروط ہے

(ج) نہ مشروط ہے نہ غیر مشروط

(د) مشروط بھی ہے اور غیر مشروط بھی


(۳) ''تربیت شخصیت پر اثر انداز ہوتی ہے۔'' اپنی رائے تحریر کیجئے۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

(ب) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجئے۔ (7)

(ا) شجری خاکہ مکمل کیجئے۔ (2)



سہراب : بھاگ جا، بھاگ جا! اس دنیا سے کسی دوسری دنیا میں بھاگ جا۔تو نے سام و نریمان کے خاندان کا چراغ بجھا دیا ہے..... تاریک جنگلوں میں، پہاڑوں کے غاروں میں، سمندر کی تہہ میں، تو کہیں بھی جا کر چھپے لیکن میرے باپ رستم کے انتقام سے نہ بچ سکے گا۔

رستم : (چونک کر کھڑا ہو جاتا ہے) کیا کہا؟ تو رستم کا بیٹا ہے؟

سہراب: ہاں۔

رستم: تیری ماں کا نام؟

سہراب: تہمینہ۔

رستم : تیرے اس دعوے کا ثبوت؟

سہراب: اس بازو پر بندھی ہوئی میرے باپ رستم کی نشانی۔

رستم : جھوٹ، غلط، تُو دھوکا دے رہا ہے۔ مجھے پاگل بنا کر اپنے قتل کا انتقام لینا چاہتا ہے۔ (گھبراہٹ کے ساتھ سہراب کے بازو کا کپڑا پھاڑ کر اپنا دیا ہوا مہرہ دیکھتا ہے) وہی مہرہ، وہی نشانی (سر پیٹ کر) کیا کیا! کیا کیا! اندھے، پاگل، جلاّد، یہ کیا کیا!..... شیر جیسا خوں خوار، بھیڑیے جیسا ظالم، ریچھ جیسا موذی

docs.aglasem.com
aglasem.com

حیوان بھی اپنی اولاد کی جان نہیں لیتا لیکن تو انسان ہو کر حیوان سے زیادہ خونی اور جہنم سے زیادہ بے رحم بن گیا۔

توڑ ڈالا اپنے ہی ہاتھوں سے او ظالم اُسے
تیرا نقشہ، تیرا ہی چہرہ جس آئینے میں تھا

(۲) درج ذیل سرگرمیوں کو ایک ایک جملے میں مکمل کیجیے۔ (2)


(i) رستم کا گھبراہٹ میں کیا جانے والا عمل۔

(ii) سہراب کے منہ سے اپنا نام سن کر رستم کا ردِ عمل لکھیے۔

(۳) ''والدین کی شفقت'' پر اپنے خیالات تحریر کیجیے۔ (3)

(ج) درج ذیل غیر درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے۔ (6)

(i) خاکہ مکمل کیجیے۔ (2)



علم سیکھو، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے علم سیکھنا خشیت، اسے حاصل کرنے کی کوشش کرنا عبادت، اس کا پڑھنا پڑھانا تسبیح، اس کی جستجو جہاد، ناواقف کو سکھانا صدقہ اور اس کی اہلیت رکھنے والوں کو بتانا ثواب کا ذریعہ ہے۔ نیز علم تنہائی کا ساتھی، دین کا راہ نما، خوش حالی و تنگ دستی میں مددگار، دوستوں کے نزدیک وزیر، قریبی لوگوں کے نزدیک قریب اور جنت کی راہ کا مینار ہدایت ہے۔ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کچھ لوگوں کو اوپر اٹھاتا ہے اور انھیں بھلائی میں راہ نمائی، قیادت و

docs.aglasem.com
aglasem.com

سرداری عطا کرتا ہے۔ جن کی پیروی کی جاتی ہے، وہ بھلائی کے راہ نما ہوتے ہیں، جن کے نقش قدم پر چلا جاتا ہے اور جن کے افعال کو نمونہ بنایا جاتا ہے۔ فرشتے ان کی دوستی کے خواہاں ہوتے ہیں اور اپنے پروں سے ان کو چھوتے ہیں۔ ہر خشک اور تر ان کے لئے مغفرت طلب کرتا ہے، یہاں تک کہ سمندر کی مچھلیاں، جان دار، خشکیوں کے درندے اور جانور، آسمان اور اس کے ستارے تک۔ علم ہی کے ذریعے اللہ کی اطاعت و عبادت کی جاتی ہے۔ اس کی حمد و ثنا ہوتی ہے۔ علم ہی سے پرہیز گاری ہوتی ہے۔ اسی سے صلہ رحمی کی جاتی ہے، اسی سے حلال اور حرام جانا جاتا ہے۔ وہی راہ نما اور عمل اس کا پیروکار ہے۔ بد بخت اس سے محروم رہتے ہیں۔

(۲) ہدایت کے مطابق ذخیرۂ الفاظ کی سرگرمیاں مکمل کیجئے۔ (2)

(i) ''آسودہ حالی'' کا ہم معنی لفظ درج ذیل متبادلات میں سے چُن کر لکھئے۔

(الف) بدحالی

(ب) خوش حالی

(ج) جان دار

(د) خوش قسمت

(ii) ''عبادات'' کا واحد اقتباس سے تلاش کر کے لکھئے۔

(۳) علم کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں اپنی رائے تحریر کیجئے۔ (2)

حصہ ۲ : نظم / غزل / قطعہ / رباعی۔ کُل نمبرات 16


سوال 2 :- (الف) درج ذیل درسی نظم کے اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجئے۔ (6)

docs.aglasem.com

aglasem.com

(۱) خاکہ مکمل کیجئے۔

(2)



امیراب جو ہیں دانا، انھوں نے کی ہے یہ چال
ہوئے ہیں خانہ نشیں دیکھ کر زمانے کا حال
بچھی ہے سوزنی، خوجہ کھڑا جھلے ہے رومال
حضور بیٹھے ہیں اک دو ندیم اہلِ کمال
دھرتی ہے سامنے ایک پیکدان اک تنبول

خراب ہیں وہ عمارات، کیا کہوں تجھ پاس
کہ جن کے دیکھے سے جاتی رہی تھی بھوک اور پیاس
اور اب جو دیکھو تو دل ہووے زندگی سے اداس
بجائے گل، چمنوں میں کمر کمر ہے گھاس
کہیں ستون پڑا ہے، کہیں پڑے مرغول

یہ باغ، کھاگئی کس کی نظر، نہیں معلوم
نہ جانے کن نے رکھا یاں قدم، وہ کون تھا شوم
جہاں تھے سرو و صنوبر، اب اس جگہ ہے زقوم
مچی ہے زاغ و زغن سے اب اس چمن میں دھوم
گلوں کے ساتھ جہاں بلبلیں کرے ہیں کلول

(2)

(۲) نظم کے اقتباس کی روشنی میں صحیح متبادل تلاش کر کے لکھئے۔

(i) امیروں کا چلن ہے .....

(الف) خانہ بدوش (ب) خانہ برباد

(ج) خانہ آباد (د) خانہ نشیں

0218

docs.aglasem.com
aglasem.com

(ii) چمن میں نہیں ہے .....

(الف) گھاس (ب) ستون

(ج) مرغول (د) گل

(iii) گُل کے ساتھ کلول کرنے والے .....

(الف) زاغ (ب) زغن

(ج) بلبلیں (د) بوم

(iv) چمن میں کمر کمر ہے .....

(الف) پھول (ب) گھاس

(ج) پودا (د) جھاڑی

(۳) درج ذیل شعر کی استحسانی وضاحت کیجیے۔ (2)

جہاں تھے سرو وصنوبر، اب اس جگہ ہے زقوم

مچی ہے زاغ و زغن سے اب اس چمن میں دھوم

(ب) درج ذیل درسی غزل کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے۔ (6)

(ا) جدولی خاکہ مکمل کیجیے۔ (2)

پہلے شعر میں موجود صنعت کا نام	
چھٹے شعر میں موجود تجنیس کا نام	
ایک قافیہ	
ردیف	

docs.aglasem.com

aglasem.com

مقاماتِ ارباب جہاں اور بھی ہیں
مکاں اور بھی لامکاں اور بھی ہیں
مکمل نہیں ہے جنونِ تجسس
مسلسل جہاں در جہاں اور بھی ہیں
یہیں تک نہیں عشق کی سیرگاہیں
مہ و انجم و کہکشاں اور بھی ہیں
قفس توڑ کر مطمئن ہو نہ بلبل
قفس صورتِ آشیاں اور بھی ہیں
بہت دل کے حالات کہنے کے قابل
ورائے نگاہ و زباں اور بھی ہیں
صبا خاک دل سے بچا اپنا دامن
ابھی اس میں چنگاریاں اور بھی ہیں
انھیں جب سے ہے اعتمادِ محبت
وہ مجھ سے جگر بدگماں اور بھی ہیں

(۲) سبب بیان کیجئے۔ (2)

(i) جنونِ تجسس مکمل نہیں ہے۔

(ii) محبوب کی شاعر سے بدگمانی۔


(۳) درج ذیل شعر کی استحسانی وضاحت کیجئے۔ (2)

یہیں تک نہیں عشق کی سیرگاہیں
مہ و انجم و کہکشاں اور بھی ہیں

aglasem
docs.aglasem.com
aglasem.com

(ج) درج ذیل رباعی کا بغور مطالعہ کر کے استحسان کلام کی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجئے۔ (2)

(ا) خاکہ مکمل کیجئے۔



آزادی میں آفتِ اسیری آئی
شاہی نہ ہوئی تھی کہ فقیری آئی
ایامِ شباب کس کو کہتے ہیں انیسؔ
موسم طفلی کا تھا، پیری آئی

(۲) درج ذیل شعر کی استحسانی وضاحت کیجئے۔ (2)

ایامِ شباب کس کو کہتے ہیں انیسؔ
موسم طفلی کا تھا، پیری آئی

حصہ ۳ : اضافی مطالعہ۔ کل نمبرات 12

3 :- (الف) درج ذیل اضافی مطالعہ کے اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجئے۔ (6)

(ا) سرگرمی مکمل کیجئے۔ (2)

(i) باقر مہدی کا نیا مجموعۂ کلام _____

aglasem
docs.aglasem.com
aglasem.com

(ii) شاعروں کی ادبی نشست کا انعقاد .....

(iii) شاعر، نقاد اور مقرر .....

(iv) پہلے شائع شدہ کتابوں کی تعداد .....

باقر مہدی کے نئے مجموعۂ کلام ''ٹوٹے شیشے کی آخری نظمیں'' کی اشاعت پر ممبئی کے ادیبوں اور شاعروں کی ایک ادبی نشست ۱۰؍دسمبر ۱۹۷۲ء کو منعقد ہوئی۔ یہ مضمون اسی جلسے میں پڑھا گیا۔ مضمون پڑھنے سے پہلے راقم الحروف نے حاضرینِ جلسہ کے روبرو صاحبِ محفل سے یہ اقرار نامہ لکھوایا کہ وہ اس مضمون کے بارے میں راقم سے کوئی باز پُرس نہیں کریں گے۔

ایسا نہیں ہے کہ باقر مہدی صاحب کتابی صورت میں پہلی بار چھپے ہوں۔ ان کی کم سے کم تین کتابیں پہلے بھی شائع ہو چکی ہیں۔ لیکن جب ان کی آخری نظموں کا مجموعہ شائع ہوا تو ان کے قریب کے دوستوں کو بڑی مسرّت ہوئی اور اسی مسرّت کے اظہار کے سلسلے میں انھوں نے یہ جلسہ منعقد کیا کہ باقر مہدی صاحب کو ان کی آخری نظموں کی اشاعت پر مبارک باد دی جائے۔ معلوم نہیں باقر مہدی صاحب کی نکتہ رس نگاہ اس نکتے پر کیوں نہیں پڑی۔ اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ وہ اپنے دوستوں سے اس ذہانت کی توقع نہ رکھتے ہوں۔ بہرحال مجھے بھی اس خوشی میں شریک ہونا تھا۔ اس لئے میں بھی ان کی خدمت میں نذرانۂ عقیدت لے کر حاضر ہوا ہوں اور آپ جانتے ہیں کہ آج کل کے زمانے میں عقیدت کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

باقر مہدی شاعر ہیں، نقاد ہیں، مقرر ہیں لیکن اپنے غیر مربوط مضمون میں ان کی شاعرانہ صلاحیتوں اور تنقیدی شعور کے بارے میں میرا کچھ عرض کرنا سراسر ناانصافی ہوگی۔ یوں ناانصافی سے باقر مہدی صاحب کو بڑا شغف رہا ہے لیکن مجھے ان کی صحبت کا فیض حاصل ہونے کے باوجود ناانصافی کی مشق نہیں ہوئی ہے۔ اس لئے میں اس سے احتراز ہی کروں گا اور صرف ان کی شخصیت کے بارے میں رفاہِ عام کی خاطر کچھ عرض کروں گا۔

docs.aglasem.com
aglasem.com

میں جو کچھ عرض کروں گا، اس سے میرا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔ خود اپنے آپ سے متفق نہ ہونے کا فن میں نے صاحب موصوف سے سیکھا ہے۔ موصوف اپنے آپ سے بھی متفق نہیں ہوا کرتے۔ اختلاف رائے کی یہ منزل تنقید کے میدان میں آخری منزل سمجھی جاتی ہے۔ باقر مہدی کو اس منزل پر پہنچے ہوئے مدت ہوگئی۔

(۴) درج ذیل کے لیے صحیح متبادل جواب تلاش کر کے لکھیے۔ (2)

(i) قریبی دوستوں کے خوش ہونے کی وجہ یہ تھی کہ

(الف) باقر مہدی کی پہلی کتاب چھپی تھی۔

(ب) باقر مہدی کی چوتھی کتاب چھپی تھی۔

(ج) باقر مہدی کی تین کتابیں چھپ چکی تھیں۔

(د) ان کا خیال تھا کہ ''نوے شیشے کی آخری نظمیں'' اُن کی آخری کتاب ہوگی۔

(ii) باقر مہدی اپنے دوستوں کو

(الف) بہت ذہین سمجھتے تھے۔

(ب) بے وقوف سمجھتے تھے۔

(ج) بہت چالاک سمجھتے تھے۔

(د) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں۔

(iii) باقر مہدی کی صحبت میں مصنف

(الف) ناانصافی کی مشق کر رہے تھے۔

(ب) ناانصافی کی مشق نہیں کر رہے تھے۔

(ج) ناانصافی کی مشق ہو چکی تھی۔

(د) ناانصافی کی مشق نہیں ہوئی تھی۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

(iv) اختلاف رائے کی منزل .....

(الف) شاعری کے میدان کی آخری منزل سمجھی جاتی ہے۔

(ب) تنقید کے میدان کی آخری منزل سمجھی جاتی ہے۔

(ج) ادب کے میدان کی آخری منزل سمجھی جاتی ہے۔

(د) کسی کی منزل نہیں سمجھی جاتی ہے۔

(۳) صحبت کا شخصیت پر اثر ہوتا ہے۔ ذاتی رائے پیش کیجئے۔ (2)

(ب) درج ذیل میں سے کوئی دو سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجئے۔ (6)

(۱) مصنفہ نے منٹو کی زندگی کے آخری ایام کا جو نقشہ کھینچا ہے اسے لکھئے۔

(۲) باقر مہدی کی شخصیت کا کمال لکھئے۔

(۳) عصمت جاوید کے شعری مجموعے ''اکیلا درخت'' پر مصنف کا تبصرہ قلم بند کیجئے۔

(۴) عزیز قیسی کی شاعری کے بارے میں لکھئے۔

(۵) عصمت جاوید کے تعلق سے ان کی اہلیہ منور جہاں کے خیالات تحریر کیجئے۔

حصہ ۴ : قواعد۔ کل نمبرات 14

سوال 4 :- **(الف) ہدایات کے مطابق سرگرمیاں مکمل کیجئے۔** (8)

(۱) درج ذیل محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجئے۔ (2)

(i) ہوش اُڑنا۔

(ii) روح کانپنا۔

(۲) ہدایت کے مطابق سرگرمی مکمل کیجئے۔ (کوئی ایک) (2)

(i) شہزادے کو کسی انسان نے نہیں شہید کیا ہے۔

(مثبت جملے میں تحویل کیجئے)

docs.aglasem.com

aglasem.com

(ii) کیا انہیں لگتا تمھیں ایسی بدشگونی کی بات زبان سے نکالتے؟

(جملے کے استفہام کو اقرار میں تبدیل کیجئے)

(۳) ہدایت کے مطابق سرگرمی مکمل کیجئے۔ (کوئی ایک) (2)

(i) فرد سماج کی بنیادی اور مرکزی اکائی ہوتا ہے۔

(صرفی تجزیہ کیجئے)

(ii) پہننے کو وہ چیز دی جارہی جو گینڈوں کے پاؤں کے لئے زیادہ موزوں ہے۔

(نحوی تجزیہ کیجئے)

(۴) ذیل کے جملوں میں سے لفظی مرکبات کو جدول کے مطابق تقسیم کیجئے۔ (2)

(i) بن مانس جنگل میں پایا جاتا ہے۔

(ii) وہ نیک بخت ہے۔

فارسی + فارسی	ہندی + ہندی

(ب) ہدایات کے مطابق ذیل کی سرگرمیاں مکمل کیجئے۔ (6)

(i) ہدایت کے مطابق کوئی ایک سرگرمی مکمل کیجئے۔ (2)

(i) گگن کے تل کیں ایسا شہر نادر

نہیں دیکھے تھے انکھیاں کے مسافر

درج بالا شعر کی صنعت پہچان کر اس کی قسم بتایئے۔

(ii) اس کے دست و دل کے رشک و شرم سے

خون ہے دل کان کا، دریا ہے آب

(درج بالا شعر سے لف و نشر سے ربط والے الفاظ آمنے سامنے لکھئے)

docs.aglasem.com

aglasem.com

(۲) درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر میں آنے والی تجنیس کا نام لکھئے۔ (1)

(i) نہ تھا ثانی اوسے روئے زمیں پر
تھے اس کے حکم میں سب بحر ہور بر

(ii) نہیں عشق سے زرد، زردار میں ہوں
اگر ہے وہ یوسف، خریدار میں ہوں

(۳) درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تقطیع کیجئے اور بحر کا نام لکھئے۔ (3)

(i) مقاماتِ اربابِ جاں اور بھی ہیں
مکاں اور بھی لامکاں اور بھی ہیں

(ii) وہی شوکت عیاں ہے اس کے تیور اور قرینے سے
اُڑے جاتے ہیں نقشِ دشمنی دل کے نگینے سے

حصہ ۵ : اطلاقی تحریر۔ کل نمبرات 18

سوال 5 :- (الف) ''مثالی معلم'' کا ایوارڈ پانے والے کسی معلم سے انٹرویو کے لئے درج ذیل نکات کی مدد سے سوالات ترتیب دیجئے۔ (5)

(i) ایوارڈ دینے والی تنظیم۔

(ii) تدریسی خدمات۔

(iii) طلبہ کے نام پیغام۔

(iv) اساتذہ کے نام پیغام۔

(v) مزید نکات

docs.aglasem.com

aglasem.com

(4)

(پ) کسی جونیئر کالج کے افتتاح کا تعارف نامہ درج ذیل نکات کی مدد سے ترتیب دیجیے۔

(i) کالج کا نام اور پتہ۔

(ii) ای میل اور ویب سائٹ۔

(iii) شعبے اور مضامین۔

(iv) کالج کی خصوصیات۔

(v) دیگر سہولیات۔

(ج) آپ کے کالج میں منعقدہ ''شجرکاری مہم'' کی روداد ۱۰ تا ۱۲ جملوں میں قلم بند کیجیے۔ (5)

(د) سیلاب سے ہونے والی تباہ کاریوں سے متعلق فیچر تحریر کیجیے۔ (4)

◆◆◆

aglasem

docs.aglasem.com

aglasem.com